تعارف و تبصرہ

ماہنامہ پیام اسلام آباد

(سیرت و تاریخ رسول ﷺ پر خصوصی شمارہ)

ماہنامہ "پیام" اسلام آباد کا خصوصی شمارہ بعنوان "سیرت و تاریخ رسول ﷺ" جولائی اگست ۱۹۹۸ء کی اشاعت ہے۔ تاریخ و سیرت نبویؐ پر بڑی بڑی مفصل، جامع اور بیش قیمت کتب موجود ہیں جن سے استفادہ کرنے کے لئے بہت زیادہ فرصت اور وقت درکار ہے۔ ان ضخیم اور مفصل کتب کی افادیت تو مسلمہ ہے مگر سیرت نبویؐ مختصر انداز میں ضبط تحریر میں لانا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے، اور خاص طور پر سکول و کالج کے طلبہ و طالبات کے لئے از حد مفید بھی۔ فاضل مدیر نے اس خصوصی شمارے کا مقصد بیان کرتے ہوئے کچھ اسی قسم کے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ اگرچہ اتنے وسیع و عریض موضوع کو اس قدر چھوٹے کتابچے میں سمیٹنا کوئی آسان کام نہیں تاہم ادارہ کی کوشش قابل تعریف ہے۔

ماہنامہ پیام اسلام آباد ایک خاص مکتبہ فکر سے متعلق ہے، مگر اس خصوصی شمارے کے مضمون نگاروں نے حیرت انگیز طور پر اپنی تحریروں کو اس انداز میں پیش کیا ہے کہ کسی بھی دوسرے مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والا قاری اس سے استفادہ کر سکتا ہے اور کسی مقام پر رُک کر اسے اپنے جذبات مجروح ہوتے نظر نہیں آتے۔ یہ انداز اپنانے پر پیام کی مجلس ادارت بجا طور پر مبارک باد کی مستحق ہے کہ انہوں نے واقعی اس بات کو ممکن کر دکھایا ہے کہ اختلاف فکر و نظر کے باوجود تعصب سے دُور رہ کر اور دوسروں کے جذبات کو ٹھیس پہنچائے بغیر سیرت و تاریخ رسول ﷺ پر قلم اٹھایا جا سکتا ہے۔ ان کی یہ کوشش یقیناً دوسرے مجلات کے لئے قابل تقلید ہے۔ اگر تمام مسلمان اس طرز عمل کو اپنائیں تو پیار و محبت اور اخوت کی پر امن فضا قائم ہو سکتی ہے۔

رسالے میں شامل تمام تحریریں حوالہ جات سے مزین ہیں۔ کتابت و طباعت بھی معیاری ہے تاہم پروف ریڈنگ کی چند ایک اغلاط موجود ہیں۔ مثلاً ایک جگہ "اسامہ بن حارثہ" لکھا ہے۔ اس غلطی کی اصلاح ہونی چاہیے۔

ماہنامہ "پیام" اخوت ٹرسٹ پوسٹ بکس ۱۴۳۷ اسلام آباد کی طرف سے شائع کیا جاتا ہے۔

(تبصرہ نگار : پروفیسر محمد یونس جنجوعہ)